تاریخ:18-06-2020 https://youtu.be/9Sb7XHUkcbE دن:جمعرات

# جماعت:سوم

# سبق نمبر 1:توحید

## صفحہ نمبر:13

## عنوان: پڑھائی

**تدریسی مقاصد:**

1۔ بچوں کو عقیدہ توحید کے مفہوم اور اہمیت سے آگاہی دینا۔

2۔ توحید کا مطلب واضح کرنا۔

3۔ اللہ کی صفات بیان کرنا اور شرک کی وضاحت کرنا

**توحید کا مفہوم:**

اسلامی عقائد میں سب سے پہلا عقیدہ توحید کا ہے۔ توحید کے معنی ہیں ایک ماننا، یکتا جاننا۔ دین کی اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ سب سے برتر و اعلیٰ اور ساری کائنات کی خالق و مالک ہستی کے واحد و یکتا ہونے پر ایمان لانا اور صرف اسی کو عبادت کے لائق سمجھنا۔

**توحید کا تعارف:**

توحید عربی زبان کا لفظ ہے۔ توحید کا لفظ جہاں بھی آیا ہے وہاں "ایک" کا مطلب نکلتا ہے۔ یکتائیت کا لفظ نکلتا ہے۔ واحد/ایک کا اقرار کرنا، کسی چیز کو ایک ثابت کرنا، کسی چیز کو ایک منوانا۔ توحید کا مطلب اللہ رب العزت کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اسکا اقرار کرنا اور اسکے مانے بغیر ہمارا کوئی عمل، کوئی عبادت اللہ کے ہاں قبول نہیں۔

DPS & C DEPALPUR

**پڑھائی:**

توحید کا مطلب اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ اسی کے حکم سے دنیا کا سارا نظام چل رہا ہے۔ اس کی برابری کرنے والا کوئی نہیں۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ آسمان زمین، سورج، چاند، ستارے سب اسی نے بنائے ہیں۔ وہ ہر چیز کا خالق ہے۔

قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اللہ خالق کل شیء (سورۃ الرعد:16)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو مشکل الفاظ کے معانی پڑھنے اور لکھنے سکھانا۔

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| توحید | اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا | |
| نظام | دنیا کا ہر کام | |
| برابری | ہمسری / اس جیسا کوئی نہیں | |
| بے نیاز | جو کسی کا محتاج نہ ہو | |

**والدین دستخط:..........**

تاریخ:19-06-2020 https://youtu.be/XVUnY6m1VCU دن:جمعۃ المبارک

## سبق نمبر1:توحید

## صفحہ نمبر:14

## عنوان: پڑھائی

**تدریسی مقاصد:**

1۔بچوں کو عقیدہ توحید کے مفہوم اور اہمیت سے آگاہی دینا۔

2۔توحید کا مطلب واضح کرنا۔

3۔اللہ کی صفات بیان کرنا اور شرک کی وضاحت کرنا

**پڑھائی:**

اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے اور اس کا اقرار کیے بغیر ہمارا کوئی عمل، کوئی عبادت قبول نہیں۔ سورۃ اخلاص میں توحید کی وضاحت کی گئی ہے۔

**قل ہو اللہ احد۔اللہ الصمد۔لم یلد ولم یو لد۔ ولم یکن لہ کفوا احد۔**

ترجمہ: آپ ﷺ کہہ دیجیے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور کوئی اس کی برابری کرنے والا نہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام دنیا کا مالک ہے۔ ہم سب اس کی مخلوق ہیں۔ اس لیے ہمیں اسی کی عبادت کرنی چاہیے وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔ سب اسی کے محتاج ہیں۔ تمام نعمتیں اسی کی دی ہوئی ہیں۔ زندگی اور موت اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا بہت بڑا ظلم اور گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے۔

**ترجمہ: بلاشبہ شرک عظیم گناہ ہے۔(سورۃ لقمان:13)**

اللہ تعالیٰ تمام خوبیوں کا مالک ہے وہ ہر عیب اور خامی سے پاک ہے۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو مشکل الفاظ کے معانی پڑھنے اور لکھنے سکھانا۔

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| ظلم | زیادتی، بے انصافی | |
| شرک | اللہ تعالیٰ کو ایک نہ ماننا | |
| نعمتیں | انعام | |
| محتاج | ضرورت مند، حاجت مند | |

**والدین دستخط:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**تاریخ:** 20-06-2020　　https://youtu.be/9Sb7XHUkcbE　　**دن:** ہفتہ

## سبق نمبر1:توحید

**تدریسی مقاصد:**

1۔ کثیر الانتخابی جوابات حل کروانا۔

2۔ خالی جگہ کو درست جواب سے بھرنا سکھانا۔

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

سوال: توحید کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کو

صرف زبان سے اقرار کرنا　　دل سے ماننا اور زبان سے اقرار کرنا　　صرف دل سے ماننا

سوال: اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا ہے۔

تمام جہانوں کا　　صرف آسمان کا　　صرف دنیا کا

DPS & C DEPALPUR

سوال: ساری کائنات کا نظام کس کے حکم سے چل رہا ہے؟

فرشتوں کے حکم سے　　　　اللہ تعالیٰ کے حکم سے　　　　انسانون کے حکم سے

سوال قرآن مجید کی کس سورت میں توحید کی وضاحت کی گئی ہے۔

سورۃ الفاتحہ　　　　سورۃ النصر　　　　سورۃ الاخلاص

سوال: شرک سے کیا مراد ہے؟

حکم نہ ماننا　　　　اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنا　　　　انکار کرنا

**خالی جگہ پُر کریں۔**

(2)　　(1)　　(4)　　(3)

**موت　　پیدا　　ایمان　　عیب**

(ا) اللہ تعالیٰ تمام جہانون کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرنے والا ہے۔

(ب) زندگی اور۔۔۔۔۔۔۔ صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

(ج) اللہ تعالیٰ ہر قسم کے۔۔۔۔۔۔۔۔ سے پاک ہے۔

(د) اللہ تعالیٰ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا ہے۔

**کالم "الف" کے جملوں کو کالم "ب" کی مدد سے مکمل کریں۔**

| **کالم "الف"** | **کالم "ب"** |
| --- | --- |
| توحید کا مطلب ہے | اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا۔ |
| اللہ تعالی تمام جہانوں کا | اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے |
| شرک کا مطلب ہے | ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔ |
| زندگی اور موت صرف | پیدا کرنے والا ہے۔ |
| اللہ تعالیٰ کی ذات | اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا۔ |

**والدین دستخط:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

تاریخ:22-06-2020 https://youtu.be/EbBWysRikYg دن:سوموار

**سوالات کے جواب لکھیے۔**

**سوال:توحید کا مطلب کیا ہے؟**

جواب:توحید کا مطلب اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اسکا اقرار کرنا ہے۔

جواب:-------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

**سوال:اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟**

جواب:اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے سے مراد ہے کہ اللہ تمام جہانوں کا پیدا کرنے والا ہے اسی کے حکم سے ساری دنیا کا نظام چل رہا ہے اس کی برابری کرنے والا کوئی نہیں۔

جواب:-------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

**سوال:سورہ اخلاص میں اللہ تعالیٰ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟**

جواب:اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اسکی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔

جواب:-------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

**سوال:شرک کیا ہے؟**

جواب:اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا شرک ہے۔

جواب:-------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

**والدین دستخط:**----------

DPS & C DEPALPUR

## جائزہ نمبر 1

کل نمبر 10/

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو پڑھائے گئے سبق کی جانچ کرنا، ذہنی پڑتال کرنا۔

**خالی جگہ پُر کریں۔**

(1) زندگی اور۔۔۔۔۔۔ صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

(2) اللہ تعالیٰ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا ہے۔

**کالم "الف" کے جملوں کو کالم "ب" کی مدد سے مکمل کریں۔**

| کالم "الف" | کالم "ب" |
|---|---|
| توحید کا مطلب ہے | اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا۔ |
| اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کا | اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے |
| شرک کا مطلب ہے | ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔ |
| زندگی اور موت صرف | پیدا کرنے والا ہے۔ |
| اللہ تعالیٰ کی ذات | اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا۔ |

**سوالات کے جواب لکھیے۔**

**سوال: توحید کا مطلب کیا ہے؟**

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

**سوال: شرک کیا ہے؟**

جواب:-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

دن: جمعرات　　　　　　　　　　والدین دستخط:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاریخ:25-06-2020　　　　https://youtu.be/txNhHpbHOkE

# جماعت: سوم

## سبق نمبر2: رسالت (خبر پہنچانے والا)

## صفحہ نمبر:17

## عنوان: پڑھائی

### تدریسی مقاصد:

1۔ بچوں کو عقیدہ رسالت کی آگاہی دینا۔

2۔ بچوں کو رسالت کا مفہوم بتانا۔

3۔ عقیدہ رسالت کی اہمیت سے روشناس کروانا۔

### رسالت کا مفہوم:

اس سے مراد نبی اکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول ﷺ ماننا ہے اور صرف انہی کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی کرنا نہ صرف زبان سے اسکا اقرار کرنا بلکہ دل سے اسکی تصدیق کرنا اس میں شامل ہے۔

### رسالت کا تعارف:

رسول ﷺ کے لغوی معنی پیغام دے کر بھیجا ہوا کے ہیں۔ اصطلاح میں رسول کے معنی ہیں ایسا برگزیدہ شخص جو اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچائے۔ اللہ نے انسانوں کی ہدایت کیلئے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اور رسولوں کو مبعوث فرمایا۔ تمام انبیاء اور رسولوں پر بلا تفریق ایمان لانا مسلمان ہونے کیلئے ضروری ہے تمام انبیاء نے اللہ کی واحدانیت کا درس دیا۔ برے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی تلقین کی اور تقویٰ اختیار کرنے کی ہدایت کی تاکہ آخرت میں کامیابی حاصل ہو۔

### پڑھائی:

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو زندگی گزارنے اور سیدھا راستہ دکھانے کے لیے اپنے پاک اور مقدس بندوں کو بھیجا تاکہ وہ انسانوں کی راہنمائی کریں۔ ان بندوں کو "نبی یا رسول" کہتے ہیں۔ سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام تھے اور سب سے آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔ تمام رسول اور نبی سچے تھے۔

تمام نبیوں اور رسولوں نے اپنی اپنی امت کے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھایا اور انہیں توحید کا سبق دیا۔ انہوں نے انسانوں کو آپس میں پیار و محبت سے رہنے کا درس دیا۔ دنیا میں مختلف قوموں کی راہنمائی کے لیے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی آئے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی تعلیم کے لیے اپنے رسولوں پر کتابیں نازل فرمائی ہیں۔ ان کتابوں کی تعداد چار ہے۔ زبور حضرت داؤد علیہ اسلام پر، تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور قرآن پاک ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل کیا گیا۔ ان تمام کتابوں پور ایمان لانا ضروری ہے۔

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو مشکل الفاظ کے معانی پڑھنے اور لکھنے سکھانا۔

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| رہنمائی | ہدایت / راہ بری | |
| درس | تبلیغ | |
| مقدس | پاک / بلند تر | |
| اخلاق و عادات | اچھا برتاؤ، خصلت، طبیعت | |

**والدین دستخط:**..........

تاریخ:26-06-2020 https://youtu.be/hNcsL8TLgew دن:جمعۃ المبارک

## سبق نمبر1:توحید

## صفحہ نمبر:14

## سبق نمبر2:رسالت(خبر پہنچانے والا)

## صفحہ نمبر:18

### عنوان: پڑھائی

**تدریسی مقاصد:**

1۔بچوں کو عقیدہ رسالت کی آگاہی دینا۔

2۔بچوں کو رسالت کا مفہوم بتانا۔

3۔عقیدہ رسالت کی اہمیت سے روشناس کروانا۔

### رسالت کا تعارف:

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو زندگی گزارنے اور سیدھا راستہ دکھانے کے لیے اپنے پاک اور مقدس بندوں کو بھیجا تاکہ وہ انسانوں کی راہنمائی کریں۔

### رسالت کے لغوی معنیٰ:

رسالت وہ عظیم کام ہے وہ عہدہ ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کسی خاص ہستی کو عطا فرمائے اور جس ہستی کو عطا فرمائے اسے نبی یا رسول کہتے ہیں۔دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی زندگی کے ہر معاملے میں آپ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کریں۔

### پڑھائی:

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو سارے انسانوں کے لیے ہدایت دینے والا اور رحمت والا نبی بنا کر بھیجا ہے۔قرآن پاک میں ہمیں بار بار اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی اطاعت اور پیروی کا حکم دیا گیا ہے۔حضور اکرم ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی زندگی کے ہر معاملے میں آپ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کریں۔

DPS & C DEPALPUR

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو مشکل الفاظ کے معانی پڑھنے اور لکھنے سکھانا۔

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| سیرت | عادت، گن، آپ کی حالات زندگی | |
| ہدایت | سیدھا رستہ دکھانا | |
| پیروی | عمل کرنا | |
| پیار محبت | لاڈ، پیار، عشق | |

**والدین دستخط:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

تاریخ:27-06-2020　　https://youtu.be/txNhHpbHOkE　　دن:ہفتہ

## سبق نمبر2: رسالت (خبر پہنچانے والا)

**تدریسی مقاصد:**

1۔ کثیر الانتخابی جوابات حل کروانا۔

2۔ خالی جگہ کو درست جواب سے بھرنا سکھانا۔

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

سوال: سب سے پہلے نبی کون تھے؟

حضرت آدمؑ　　حضرت موسیٰؑ　　حضرت محمد ﷺ

سوال: سب سے آخری نبی کون تھے؟

حضرت موسیٰؑ　　حضرت محمد ﷺ　　حضرت عیسیٰؑ

**سوال: تورات کس رسول پر نازل ہوئی؟**

حضرت داودؑ　　　حضرت موسیٰؑ　　　حضرت عیسیٰؑ

**سوال: زبور کسی رسول پر نازل ہوئی۔**

حضرت محمد ﷺ　　　حضرت موسیٰؑ　　　حضرت داودؑ

**سوال: انجیل کسی رسول پر نازل ہوئی؟**

حضرت عیسیٰؑ　　　حضرت موسیٰؑ　　　حضرت داودؑ

**سوال: قرآن مجید کس رسول پر نازل ہوئی؟**

حضرت عیسیٰؑ　　　حضرت محمد ﷺ　　　حضرت موسیٰؑ

**درست کے سامنے صحیح اور غلط کے سامنے غلط کا نشان لگائیں۔**

| | غلط | درست |
|---|---|---|
| (ا) سب سے پہلے نبی حضرت موسیٰؑ تھے۔ | ☐ | ☐ |
| (ب) صرف چند نبیوں نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی تعلیم دی۔ | ☐ | ☐ |
| (ج) حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہیں۔ | ☐ | ☐ |
| (د) حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کرنا ایمان ہے۔ | ☐ | ☐ |

**خالی جگہ پُر کریں۔**

| (2) | (1) | (4) | (3) |
|---|---|---|---|
| حضرت محمد ﷺ | حضرت آدمؑ | نمونہ | حضرت محمد ﷺ |

(ا) اللہ تعالیٰ نے انسانوں ہدایت کے لیے سب سے پہلے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو نبی بنا کر بھیجا۔

(ب) انسانوں کی راہنمائی کے لیے سب سے آخر میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو نبی بنا کر بھیجا گیا۔

(ج) سب انسانوں کو ہدایت کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو نبی بنا کر بھیجا۔

(د) حضور اکرم ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

**والدین دستخط:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

دن:سوموار https://youtu.be/fbe_WBkclPU تاریخ:29-06-2020

**سوالات کے جواب لکھیے۔**

سوال: اللہ نے نبیوں کو کس لیے بھیجا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو انسانوں کی رہنمائی کے لیے بھیجا۔

جواب:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

سوال: جن نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں ان کے نام لکھیں۔

جواب: حضرت عیسیٰؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت داودؑ اور حضرت محمد ﷺ

جواب:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

سوال: تمام نبیوں نے اپنی اپنی امت کو کیا تعلیم دی؟

جواب: تمام نبیوں نے اپنی اپنی امت کو توحید کی تعلیم دی۔

جواب:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

سوال: حضرت محمد ﷺ کے راستے پر چلنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے راستے پر چلنا دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ضروری ہے۔

جواب:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

**سوال: شرک کیا ہے؟**

جواب: اللہ تعالیٰ کی ذات میں کسی اور کو شریک کرنا شرک ہے۔

جواب:-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------------

**والدین دستخط:----------**

DPS & C DEPALPUR

**کل نمبر/10**

## جائزہ نمبر 1

**تدریسی مقاصد:**

بچوں کو پڑھائے گئے سبق کی جانچ کرنا، ذہنی پڑتال کرنا۔

**خالی جگہ پُر کریں۔**

(1) انسانوں کی راہنمائی کے لیے سب سے آخر میں ــــــــــــــــ کو نبی بنا کر بھیجا گیا۔

(2) حضور اکرم ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین ـــــــــــــــــــ ہے۔

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

سوال: سب سے پہلے نبی کون تھے؟

حضرت آدمؑ　　　　حضرت موسیٰؑ　　　　حضرت محمد ﷺ

**سوال: تورات کس رسول پر نازل ہوئی؟**

حضرت داودؑ　　　　حضرت موسیٰؑ　　　　حضرت عیسیٰؑ

**سوالات کے جواب لکھیے۔**

سوال: جن نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں ان کے نام لکھیں۔

جواب:ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

سوال: اللہ نے نبیوں کو کس لیے بھیجا؟

جواب:ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

سوال: حضرت محمد ﷺ کے راستے پر چلنا کیوں ضروری ہے؟

جواب:ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ــــــــــــــــــــــــــ **والدین دستخط:** ــــــــــــــ